


e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW روزنامہ
# اودھ نامہ
avadhnama

Rs.3/- Vol- 23 , Issue, 283 Tuesday , July 16 2024 Pages -8

قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر (۲۳) شمارہ نمبر (۲۸۳) لکھنؤ، منگل ۱۶- جولائی ۲۰۲۴ء، مطابق ۹/محرالحرام -۱۴۴۶ھ صفحات -۸

## تاج محل کے گنبد کے اوپر اڑا ڈرون، پولیس انکوائری میں مصروف

آگرہ۔ اتر پردیش کے ضلع آگرہ میں پولیس انتظامیہ نے تمام احتیاطی تدابیر کے باوجود تاج محل کے آس پاس اتوار کی صبح ڈرون کیمروں کو اڑائے جانے کے واقعات سامنے آئے ہیں۔ ایک ڈرون کیمرہ کل صبح تاج محل کے مین گنبد کے اوپر تک پہنچ گیا۔ پولیس ڈرون کیمرہ اڑانے والے شخص کے بارے میں پتہ لگانے میں مصروف ہے۔ قابل ذکر ہے کہ سیکورٹی وجوہات سے تاج محل کے نزدیک ڈرون اڑانے پر پابندی ہے لیکن یہاں وقتاً فوقتاً غیر ملکیوں کے ذریعہ ڈرون اڑائے جانے کے واقعات سامنے آتے رہیں۔ پولیس ایسے غیر ملکی سیاحوں کی تلاش بھی کرتی ہے لیکن وہ ڈرون اڑانا ممنوع ہے اس کی جانکاری نہ ہونے کا کہہ کر بچ نکلتے ہیں۔ پولیس کے ذریعہ بھی ان کو وارننگ دے کر چھوڑ دیا جاتا ہے۔

# ہول سیل شرح مہنگائی 16 ماہ کی اعلیٰ سطح پر

### لگاتار چوتھے ماہ اضافہ کے بعد جون میں 3.36 فیصد پر پہنچی، مہنگائی پر کانگریس کا پی ایم مودی پر تیکھا حملہ، غریبوں کے منہ سے نوالہ چھین رہی ہے حکومت

نئی دہلی۔ (ایجنسی) ملک میں ہول سیل مہنگائی جون میں لگاتار چوتھے ماہ بڑھ کر 3.36 فیصد ہوگئی۔ خوردنی اشیا، خصوصاً سبزیوں اور مینوفیکچرڈ اشیا کی قیمتوں میں اضافہ اس کی اہم وجہ رہی ہے۔ ڈبلیو پی آئی (ہول سیل پرائس انڈیکس) پر مبنی مہنگائی مئی ماہ میں 3.61 فیصد تھی۔ جون 2023 میں یہ صفر سے 4.18 فیصد نیچے رہی تھی۔ وزارت برائے کامرس وصنعت نے پیر کے روز ایک بیان جاری کیا ہے جس میں کہا ہے کہ ”جون 2024 میں مہنگائی بڑھنے کی اہم وجہ خوردنی اشیا، خوردنی مصنوعات کی مینوفیکچرنگ، خام کیمیکل اور قدرتی گیس دیگر مینوفیکچرنگ وغیرہ کی قیمتوں میں اضافہ ہے۔“ پیش کردہ اعداد وشمار کے مطابق خوردنی اشیاء کی مہنگائی جون میں 10.87 فیصد بڑھی، جبکہ مئی میں یہ 9.82 فیصد تھی۔ سبزیوں کی شرح مہنگائی جون میں 38.76 فیصد رہی، جو مئی میں 32.42 فیصد تھی۔ پیاز کی شرح مہنگائی 93.35 فیصد رہی، جبکہ آلو کی شرح مہنگائی 66.37 فیصد رہی۔ دالوں کی بات کی جائے تو اس کی شرح مہنگائی جون میں 21.64 فیصد رہی۔ ایندھن اور بجلی شعبہ میں مہنگائی 1.03 فیصد رہی جو مئی میں 1.35 فیصد سے کچھ کم ہے۔ مینوفیکچرڈ مصنوعات میں مہنگائی جون ماہ میں 1.43 فیصد رہی جو مئی میں 0.78 فیصد سے زیادہ تھی۔ جون میں ہول سیل پرائس انڈیکس میں اضافہ مہینے کی خوردہ مہنگائی کے اعداد وشمار کے مطابق تھی۔ گزشتہ ہفتہ جاری اعداد وشمار کے مطابق جون میں خوردہ مہنگائی بڑھ کر چار ماہ کی اعلیٰ سطح 5.1 فیصد پر پہنچ گئی۔ قابل ذکر ہے کہ آر بی آئی (ریزرو بینک آف انڈیا) مانیٹری پالیسی تیار کرتے وقت خاص طور سے خوردہ مہنگائی کو ہی دھیان میں رکھتا ہے۔



کانگریس نے مہنگائی کے سلسلے میں حکومت پر شدید حملہ کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی غریبوں سے کھانا چھین کر اپنے دوستوں کو دیتے ہیں، اس لیے انہیں مہنگائی سے دوچار غریبوں کے دکھوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا پارٹی نے کہا، ’مہنگائی مین‘ مودی کا چابک پھر سے عوام پر چلا ہے۔ اشیائے ضروریہ کی مہنگائی کے اعداد وشمار دیتے ہوئے کانگریس نے آج ٹوئٹ کیا کہ کھانے پینے کی اشیاء کی مہنگائی میں 8.68 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ دالوں کی مہنگائی میں 21.64 فیصد اور سبزیوں کی مہنگائی میں 38.76 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ سبزیوں میں پیاز سب سے مہنگی ہے اور اس حوالے سے پارٹی کا کہنا تھا کہ ’پیاز کی مہنگائی کی شرح 93.35 فیصد ہے جبکہ آلو کی مہنگائی کی شرح میں 66.37 فیصد اور پھلوں کی مہنگائی کی شرح میں 10.14 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پارٹی نے مہنگائی کے لیے مسٹر مودی کو ذمہ دار ٹھہرایا اور کہا، نریندر مودی کو غریبوں کی تکلیف کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔ وہ غریبوں کے منہ سے نوالہ چھین رہے ہیں اور اپنے امیر دوستوں کو مزہ دے رہے ہیں۔“

کانگریس نے کہا کہ ملک میں بے روزگاری کا مسئلہ بہت سنگین ہے، لیکن مودی حکومت اسے نظر انداز کر رہی ہے اور بجٹ میں بھی وہ معیشت کی ایک گلابی بجٹ تصویر پیش کر کے بے روزگاری کی سنگین صورتحال پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرے گی۔ کانگریس کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے انچارج جے رام رمیش نے ایک بیان جاری کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ مودی حکومت حقیقت کو چھپائے گی اور بجٹ کی صرف گلابی تصویر پیش کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت صرف ایک اچھی تصویر پیش کرنے اور حقیقت سے توجہ ہٹانے کا کام کر رہی ہے اور اس بار بھی وہ حقیقت سے ہٹ کر گلابی بجٹ پیش کرنے کی کوشش کرے گی۔ ترجمان نے کہا کہ آنے والا بجٹ بلاشبہ آر بی آئی کے اعداد وشمار کو معیشت کی گلابی تصویر پیش کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا، لیکن ملازمتوں کے محاذ پر حقیقی صورتحال انتہائی سنگین ہے۔ بڑے پیمانے پر بے روزگاری اور کم معیار کی ملازمتیں دونوں کی وجہ سے۔ اگلے منگل کی بجٹ تقریر میں اس دوہرے سانحے کو یقیناً نظر انداز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریزرو بینک کے نئے تخمینہ کی بنیاد پر حکومت جاب مارکیٹ میں تیزی کا دعویٰ کر رہی ہے کہ اس کی قیادت میں آگے بڑھ رہی معیشت نے آٹھ کروڑ نوکریاں پیدا کی ہیں، جب کہ سچائی یہ ہے کہ روزگار کے اعداد وشمار میں یہ اضافہ حقیقت کے مطابق نہیں ہے۔ اس وقت نجی سرمایہ کاری کمزور رہی ہے اور کھپت میں اضافہ بہت سست رہا ہے۔ حکومت نے روزگار کے معیار اور حالات کو مدنظر رکھے بغیر، روزگار کی ایک بہت وسیع تعریف کو اپناتے ہوئے ملازمتوں کی تخلیق کا دعویٰ کرنے کے لیے کچھ فنی اعداد وشمار کی ہیرا پھیری کا سہارا لیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ جس روزگار میں اضافے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے اس میں خواتین کی طرف سے روزگار کے طور پر کیے جانے والے بلا معاوضہ گھریلو کام بھی شامل ہیں اور خراب معاشی ماحول کے باعث لیبر مارکیٹ میں تنخواہ دار، رسمی ملازمت کا حصہ کم ہوا ہے۔ مزدور کم پیداواری غیر منظم اور زرعی شعبے کی ملازمتوں میں جا رہے ہیں یہ ایک معاشی المیہ ہے۔ حکومت کم اجرت والی ملازمتوں کی تخلیق کو ایک کامیابی کے طور پر پیش کر رہی ہے۔ ریزرو بینک کے اعداد وشمار کورونا کی مدت کے دوران روزگار میں اضافہ دکھاتے ہیں حالانکہ معیشت کا ایک بڑا حصہ مکمل طور پر ٹھپ پڑ گیا تھا۔

## بھوج شالہ کی سروے رپورٹ ہائی کورٹ میں پیش

### 22 جولائی کو ہوگی سماعت، رپورٹ میں مسجد کے ستونوں پر ہندو دیوی دیوتاؤں کی مورتیاں اور نشانات کا ذکر کیا گیا



بھوپال (ایجنسی) مدھیہ پردیش کے دھار ضلع میں واقع بھوج شالہ کی سروے رپورٹ آرکیالوجیکل سروے آف انڈیا (اے ایس آئی) نے پیر (15 جولائی) کو ہائی کورٹ کی اندور بنچ کو سونپ دی ہے۔ یہ سروے اس بات کا جائزہ لینے کے لیے تھا کہ آیا بھوج شالہ مسجد ہے یا مندر۔ اس معاملے کی سماعت اب 22 جولائی کو ہوگی۔ بھوج شالہ کے مندر ومسجد کے حوالے کافی عرصہ سے تنازع جاری ہے، یہاں منگل کو پوجا کی جاتی ہے اور جمعہ کو نماز پڑھی جاتی ہے۔ یہ تنازعہ جب ہائی کورٹ کی اندور بنچ تک پہنچا تو ہائی کورٹ نے اس کا اے ایس آئی کے ذریعے سروے کرنے کی ہدایت دی۔ اے ایس آئی نے 22 مارچ سے سروے شروع کیا جو 27 جون تک جاری رہا۔ یہ سروے کل 98 دنوں تک کیا گیا۔ اے ایس آئی کی درخواست پر ہائی کورٹ نے 10 دن کا اضافی وقت دیا تھا۔ اے ایس آئی نے سروے کے دوران کھدائی کی، جس کی ویڈیو گرافی اور فوٹو گرافی بھی کی گئی۔ اس کے علاوہ گراؤنڈ پینیٹریٹنگ ریڈار (جی پی آر) اور گلوبل سسٹم (جی پی ایس) کی مدد لی گئی ہے۔ اس سروے کے دوران اے ایس آئی کو 1700 سے زائد باقیات ملی ہیں۔ بھوج شالہ کے مندر ہونے کا دعویٰ کرنے والے ’بھوج شالہ مکتی یگیہ‘ کے اہلکاروں کا کہنا ہے کہ سروے کے دوران اے ایس آئی کو جو باقیات ملے ہیں، وہ بھوج شالہ کے مندر کے ہونے کا ثبوت ہیں۔ ملنے والی 37 مورتیوں میں کرشن، ہنومان، شیوا، برہما، واگ دیوی، گنیش، پاروتی، بھیرو ناتھ وغیرہ کی مورتیاں ہیں۔

معلومات کے مطابق اس رپورٹ میں مسجد کے ستونوں پر ہندو دیوی دیوتاؤں کی مورتیاں اور نشانات کا ذکر کیا گیا ہے۔ تحقیقات کے دوران شری کرشنا، شیوا، جٹادھری بھولناتھ، برہما سمیت 94 دیوی دیوتاؤں کی مورتیاں ملی ہیں۔ اے ایس آئی نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ حال ہی میں احاطے سے چاندی، تانبا، ایلومینیم اور اسٹیل کے کل 31 سکے ملے ہیں۔ یہ سکے 10 ویں صدی کے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ بھی دعویٰ کیا گیا کہ کچھ سکے اس وقت کے ہیں جب پرمار بادشاہ مالوا پر اپنی راجدھانی دھر کے ساتھ حکومت کر رہے تھے۔ 11 مارچ کو اندور ہائی کورٹ نے اے ایس آئی کی نگرانی میں کمال الدین مسجد کے سائنسی سروے کا حکم دیا تھا۔

### منی بل تنازعہ:

## سپریم کورٹ سماعت کے لیے آئینی بنچ کی تشکیل پر غور کرے گی



نئی دہلی، 15 جولائی (یو این آئی) سپریم کورٹ نے پیر کو کہا کہ وہ مبینہ طور پر راجیہ سبھا کو نظر انداز کر کے آدھار ایکٹ جیسے قانون کو منی بل کے طور پر منظور کرنے کی قانونی حیثیت کو چیلنج کرنے والی عرضیوں کی سماعت کے لیے ایک آئینی بنچ تشکیل دینے کی درخواست کرنے والی عرضی پر غور کرے گی۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ اور جسٹس جے بی پارڈی والا اور منوج مشرا کی بنچ نے سینئر وکیل کپل سبل کی درخواست سے اتفاق کیا کہ اس معاملے پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر مسٹر سبل نے اس معاملے میں بنچ کے سامنے ذکر کرتے ہوئے الزام لگایا کہ مرکزی حکومت منی بلز کی آڑ میں قانون پاس کئے جا رہی ہے۔ بنچ کی جانب سے جسٹس چندر چوڑ نے کہا کہ میں دیکھوں گا کہ میں آئینی بنچ کب بناتا ہوں۔ اس پر مسٹر سبل نے کہا کہ یہ معاملہ پہلے ہی فہرست میں ہے۔ سینئر ایڈوکیٹ ابھیشیک منو سنگھوی اور ایڈوکیٹ اندرا جے سنگھ نے مسٹر سبل کے دلائل کو آگے بڑھایا۔ انہوں نے کہا کہ کیس میں دلائل مکمل ہو چکے ہیں۔ سینئر وکیل اندرا جے سنگھ نے یہ بھی کہا کہ منی بل سے متعلق ایل آئی سی کا معاملہ بھی ہے۔ جس کے بعد چیف جسٹس نے رضامندی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس معاملے کو لسٹڈ کریں گے۔ جسٹس چندر چوڑ نے کہا کہ میں جب میں آئینی بنچوں کی تشکیل کروں گا تب اس پر غور کروں گا۔ چیف جسٹس نے پہلے اعلان کیا تھا کہ آدھار ایکٹ جیسے قانون کو منی بل کے طور پر منظور کرنے کی قانونی حیثیت کے معاملے پر غور کرنے کے لیے سات ججوں کی آئینی بنچ تشکیل دی جائے گی۔ اس فیصلے کا مقصد منی بلوں کے تنازعہ کو حل کرنا ہے کیونکہ حکومت نے منی بلوں کی شکل میں آدھار ایکٹ اور منی لانڈرنگ کی روک تھام ایکٹ (پی ایم ایل اے) جیسے قوانین میں ترامیم متعارف کرائی ہیں۔ الزام لگایا جاتا ہے کہ حکومت کا یہ طریقہ راجیہ سبھا کو نظر انداز کرنے کے لیے تھا، جہاں اس وقت حکومت کے پاس اکثریت نہیں تھی۔ دراصل منی بل صرف لوک سبھا میں ہی پیش کیا جا سکتا ہے۔ راجیہ سبھا منی بل میں ترمیم یا رد نہیں کر سکتی۔ وہ صرف سفارشات کر سکتی ہے، جسے لوک سبھا قبول یا نظر انداز کر سکتی ہے۔

## راجیہ سبھا میں بی جے پی کی طاقت ہوئی کم

نئی دہلی: نہ صرف لوک سبھا بلکہ راجیہ سبھا میں بھی بی جے پی اور این ڈی اے کی عددی طاقت کم ہوئی ہے۔ راجیہ سبھا میں بی جے پی کے چار نامزد ارکان سنیچر کو ریٹائر ہوگئے۔ اس کے ساتھ ہی ایوان بالا یعنی راجیہ سبھا میں بی جے پی کی تعداد گھٹ کر 86 اور این ڈی اے کی تعداد 101 رہ گئی ہے۔ 19 سیٹیں خالی ہونے کی وجہ سے راجیہ سبھا میں ممبران کی موجودہ تعداد 226 ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا راجیہ سبھا میں بی جے پی کی مشکلات بڑھیں گی، کیا تعداد کم ہونے سے این ڈی اے کو نقصان ہوگا؟ کیا این ڈی اے کے پاس اہم قوانین پاس کرنے کی تعداد ہے یا نہیں؟ جواب یہ ہے کہ بی جے پی اب بھی مضبوط پوزیشن میں ہے۔ وہ نمبر زگیم میں اب بھی آگے ہے۔ این ڈی اے کے پاس اب بھی سات غیر سیاسی نامزد اراکین، 2 آزاد اور اتحادی جماعتوں جیسے AIADMK اور YSRCP کی حمایت سے آئندہ بجٹ اجلاس میں اہم قوانین پاس کرنے کی تعداد موجود ہے۔ لیکن دوسروں پر انحصار کم کرنے کے لیے یہ ضروری ہوگا کہ نامزد کیٹیگری کے تحت خالی آسامیوں کو جلد از جلد پر کیا جائے۔

## لوک سبھا کے ڈپٹی اسپیکر کا انتخاب کرانے کا معاملہ سپریم کورٹ پہنچا

### 22 جولائی کو ہوگی سماعت

نئی دہلی۔ (ایجنسی) لوک سبھا کے اسپیکر عہدہ کے لیے انتخاب کے بعد اب ایوان زیریں کے ڈپٹی اسپیکر کا انتخاب کرانے سے متعلق معاملہ سرخیوں میں ہے۔ یہ معاملہ ایوان سے اب عدالت کے دروازے تک پہنچ گیا ہے۔ لوک سبھا میں ڈپٹی اسپیکر کا انتخاب کرانے کا مطالبہ کرنے والی ایک مفاد عامہ عرضی سپریم کورٹ میں داخل کی گئی تھی، جس پر جلد سماعت کا راستہ ہموار ہو گیا ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ 22 جولائی کو اس معاملے میں سماعت ہوگی۔ عرضی دہندہ کے وکیل کا کہنا ہے کہ حکومت کو بتانا چاہیے کہ لوک سبھا میں ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ کیوں خالی ہے، اس کے لیے انتخاب کیوں نہیں کرایا جا رہا؟ چونکہ لوک سبھا کے اسپیکر عہدہ کو لے کر حزب اختلاف اور حزب اقتدار کے درمیان پہلے ہی تلخی دیکھنے کو ملی تھی، اس لیے ڈپٹی اسپیکر معاملہ پر یہ تلخی بڑھنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ حزب اختلاف لگاتار کہہ رہا ہے کہ ڈپٹی اسپیکر کے لیے وہ دعویٰ کرے گا۔ قابل ذکر ہے کہ گزشتہ مرتبہ لوک سبھا میں ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ خالی پڑا رہ گیا تھا، حالانکہ ملک میں ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ حزب اختلاف کو دینے کی روایت رہی ہے۔ پچھلی بار چونکہ اپوزیشن کا وجود انتہائی کمزور تھا، اس لیے ڈپٹی اسپیکر عہدہ کو لے کر کوئی ہنگامہ نہیں ہوا، لیکن اس مرتبہ اپوزیشن پارٹیاں، خصوصاً کانگریس اس معاملے میں قدم پیچھے ہٹانے کو تیار دکھائی نہیں دے رہی۔ واضح رہے کہ لوک سبھا ڈپٹی اسپیکر سے جڑے ایک معاملے میں سپریم کورٹ نے فروری 2023 میں نوٹس جاری کر مرکزی حکومت سے جواب طلب کیا تھا، لیکن اب تک جواب داخل نہ ہونے کی وجہ سے سماعت ملتوی ہوتی رہی۔

### مختار انصاری کو جیل میں زہر دینے کا معاملہ

## سپریم کورٹ نے یوپی حکومت کو جاری کیا نوٹس

نئی دہلی۔ (ایجنسی) مختار انصاری کی موت کو تین ماہ سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے، لیکن ان کے اہل خانہ کا یہ دعویٰ ہنوز قائم ہے کہ انہیں جیل کے اندر زہر دیا گیا تھا۔ اسی دعوے کے تحت مختار انصاری کے اہل خانہ نے سپریم کورٹ سے رجوع کیا، جس پر آج (15 جولائی) سماعت ہوئی۔ اہل خانہ کی جانب سے پیش ہونے والے سپریم کورٹ کے سینئر وکیل کپل سبل نے عدالت کے روبرو مختار انصاری کی حراستی موت پر سوال اٹھائے اور ترمیم شدہ درخواست داخل کرنے کی اجازت طلب کی۔ سماعت کے بعد عدالت نے یوپی حکومت کو نوٹس جاری کیا ہے۔ سماعت کے دوران ایڈووکیٹ کپل سبل نے کہا کہ یہ الزام ہے کہ مختار انصاری کو جیل میں زہر دیا گیا تھا۔ اس کی تحقیق ضروری ہے۔ کپل سبل نے کہا کہ اس سے پہلے مختار انصاری کو باندہ جیل میں جان کا خطرہ ہونے کا اندیشہ ظاہر کرتے ہوئے سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا۔

## آسام حکومت جلد ہی سی اے اے کو نافذ کرے گی، ڈی جی پی کو ہدایت جاری

گوہاٹی، 15 جولائی (ایجنسی) ہمانتا بسوا سرما حکومت آسام میں متنازعہ ایکٹ سی اے اے مخالف احتجاج کے باوجود ریاست میں سی اے اے کو نافذ کرنے کے لیے پوری طرح تیار نظر آ رہی ہے۔ اس متنازعہ ایکٹ کی عوام کی جانب سے پچھلے کچھ سالوں میں بڑے پیمانے پر مخالفت دیکھنے میں آئی ہے۔ لیکن مرکز اور ریاست دونوں میں بی جے پی زیر قیادت حکومت نے اس کی وکالت کی ہے۔ اب آسام حکومت کے حالیہ اقدامات سے یہ واضح ہو گیا ہے کہ حکومت 31 دسمبر 2014 سے پہلے ریاست آسام میں داخل ہونے والے افغانستان، بنگلہ دیش یا پاکستان سے آنے والے غیر مسلم افراد کا استقبال کرنے جا رہی ہے۔ آسام حکومت کے ہوم اینڈ پولیٹیکل ڈپارٹمنٹ نے ریاستی پولیس کو ہدایت کی ہے کہ وہ 31 دسمبر 2014 کو یا اس سے پہلے ہندوستان میں داخل ہونے والے افغانستان، بنگلہ دیش یا پاکستان سے ہندو، سکھ، بدھ، جین، پارسی یا عیسائی برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو گرفتار نہ کریں۔ ان کے خلاف غیر ملکی ٹریبونل میں کیس دائر کریں کیونکہ وہ شہریت (ترمیمی) ایکٹ 2019 کے مطابق ہندوستانی شہریت کے اہل ہیں۔ اسپیشل ڈائریکٹر جنرل آف پولیس (بارڈر) آسام کے نام 5 جولائی کو لکھے گئے خط پر، جس پر حکومت آسام کے ہوم اینڈ پولیٹیکل ڈپارٹمنٹ کے سکریٹری پارتھا پرتھم مجمدار نے دستخط کیے ہیں۔






## کے پی شرما اولی چوتھی بار بنے نیپال کے وزیر اعظم

### اولی کے ساتھ 21 نئے وزراء نے بھی عہدہ اور رازداری کا حلف لیا، کانگریس نے یاد دلائے دوستانہ تعلقات



کاٹھمنڈو (ایجنسی) نیپال میں سی پی این-یو ایم ایل پارٹی کے صدر کے پی شرما اولی نے پیر کو وزیر اعظم کے عہدے کا حلف لیا۔ سابق وزیر اعظم پشپ کمار دہل پرچنڈ کی تحریک عدم اعتماد میں ناکامی کے بعد اتوار (14 جولائی) کو اولی کو نئی مخلوط حکومت کا وزیر اعظم مقرر کیا گیا تھا۔ نیپال کی کمیونسٹ پارٹی (یونیفائیڈ مارکسسٹ لیننسٹ) (سی پی این-یو ایم ایل) کے صدر کے پی شرما اولی نے پیر کو نیپال کے نئے وزیر اعظم کے طور پر حلف لیا مسٹر اولی کے ساتھ 21 نئے وزراء نے بھی عہدہ اور رازداری کا حلف لیا صدر رام چندر پوڈیل نے 72 سالہ مسٹر اولی کو عہدے کا حلف دلایا مسٹر اولی نے چوتھی بار وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالا ہے صدارتی پریس ایڈوائزر کرن پوکھرل نے ژنہوا کو بتایا، صدر نے 21 وزراء کے ساتھ وزیر اعظم کے پی شرما اولی کو عہدے کا حلف دلایا۔ نیپال کانگریس پارٹی کے صدر اور سابق وزیر اعظم شیر بہادر دیوبا کی اہلیہ آرزو رانا دیوبا وزیر خارجہ بنیں۔ پچیس رکنی کابینہ میں اب تین وزرائے مملکت کی کمی ہے۔ یکم جولائی کی رات نیپالی کانگریس پارٹی کے ساتھ طے پانے والے معاہدے کے تحت مسٹر اولی چار پارٹیوں کی مخلوط حکومت کے سربراہ بنے۔ سبکدوش ہونے والے وزیر اعظم پشپ کمل دہل نے جمعہ کو ایوان نمائندگان میں اعتماد کا ووٹ کھونے کے بعد اقتدار میں رہنے کا مینڈیٹ کھو دیا، کیونکہ سی پی این-یو ایم ایل نے اتحاد سے اپنی حمایت واپس لے لی۔ اس کے بعد اتوار کی شام مسٹر اولی کو وزیر اعظم نامزد کیا گیا۔

اولی کے وزیر اعظم کے عہدے کی حلف برداری کے بعد کانگریس پارٹی نے انہیں مبارکباد دیتے ہوئے ہند-نیپال دوستانہ تعلقات کی بھی یاد دہانی کرائی ہے۔ کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ’ایکس‘ پر پوسٹ کرتے ہوئے کہا ہے کہ انڈین نیشنل کانگریس کی جانب سے ہم کے پی شرما اولی کو نیپال کے وزیر اعظم کے طور پر ان کی تقرری پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ قریبی پڑوسیوں کے طور پر ہندوستان اور نیپال دوستی اور شراکت داری کے انوکھے (گہرے) تعلقات رکھتے ہیں۔ جو رشتے داری اور ثقافت کے ذریعے لوگوں کے درمیان گہرے رابطوں کی خصوصیت ہے۔ ہر ہندوستانی روشن مستقبل کے لیے باہمی تعاون کے اس بندھن کو مزید مضبوط کرنے کا منتظر ہے۔

## پاکستان حکومت کا تحریک انصاف پر پابندی لگانے کا فیصلہ




اسلام آباد، 15 جولائی (ایجنسی) پاکستان کی وفاقی حکومت نے تحریک انصاف پر پابندی لگانے کا فیصلہ کر لیا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ 9 مئی کو ملکی دفاع پر حملے کیے گئے، بانی پی ٹی آئی کا خاندان 9 مئی واقعات میں ملوث تھا، بانی پی ٹی آئی کی تینوں بہنیں کور کمانڈر ہاؤس کے باہر موجود تھیں، قوم کو کہا جا رہا تھا کہ انقلاب برپا ہونے لگا ہے فوری اپنی اپنی لوکیشنز پر پہنچیں۔ ان کا کہنا تھا بانی پی ٹی آئی نے انتشار اور تشدد کی سیاست کو فروغ دیا، انہوں نے ملک کے دفاعی اداروں کو نقصان پہنچایا، ملک نے اگر ترقی کرنی ہے تو پاکستان اور تحریک انصاف ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف یہ دہشت گردوں کو لا کر پناہ گاہیں دے رہے تھے کہ یہ ملکی سالمیت میں کردار ادا کریں گے، دوسری طرف انہوں نے جی ایچ کیو اور کور کمانڈر ہاؤس پر حملہ کیا، انہوں نے نیشنل ایکشن پلان کو ختم کیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات کا کہنا تھا حکومت نے چار بڑے فیصلے کیے ہیں، آئین و قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی، آپ نے سائفر کے ساتھ جو کیا آپ نے ملک دشمن قوتوں کو تقویت دی، یہ اربوں روپے آپ کے پاس آتے کہاں سے ہیں؟ آنے والے دنوں میں اس سارے عمل کو مکمل کیا جائے گا۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا آئین حکومت کو ملک مخالف سرگرمیوں میں ملوث جماعت پر پابندی لگانے کا اختیار دیتا ہے، تحریک انصاف پر پابندی کے لیے جواز موجود ہے، تحریک انصاف نے غیر آئینی طور پر اسمبلیوں کو توڑا، ملک کو آگے لے کر جانا ہے تو شرپسند عناصر پر پابندی لگانا ہی ہوگی۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا حکومت نے پی ٹی آئی پر پابندی لگانے کا فیصلہ کیا ہے، حکومت پی ٹی آئی پر پابندی کے لیے کیس دائر کرے گی، پی ٹی آئی کا کیس سپریم کورٹ کو بھیجا جائے گا، بہت واضح ثبوت موجود ہیں کہ پی ٹی آئی پر پابندی لگائی جائے، پی ٹی آئی پر پابندی لگانے کا فیصلہ وفاقی کابینہ کے آئندہ ہونے والے اجلاس میں آسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے سابق صدر عارف علوی، بانی پی ٹی آئی اور سابق ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری کے خلاف آرٹیکل 6 کا کیس چلایا جائے، ان تینوں اشخاص کے خلاف وفاقی کابینہ سے منظوری کے بعد یہ ریفرنس سپریم کورٹ کو بھجوایا جائے گا۔

# اسرائیل کی 5 اسکولوں پر بمباری میں درجنوں فلسطینی شہید

## غاصب فوجیوں نے شاتی کیمپ میں مسجد پر بھی وحشیانہ حملے کیے، اسرائیلی حملوں کے باوجود جنگ بندی مذاکرات سے دستبردار نہیں ہوئے، حماس

غزہ: (ایجنسی) اسرائیل کی جانب سے فلسطینی مسلمانوں کی آبادیوں کے ساتھ ساتھ اسکولوں کو نشانہ بنانے کا سلسلہ بھی جاری ہے، جہاں جنگ زدہ فلسطینی پناہ لیے ہوئے ہیں، ایک ہفتے کے دوران اسرائیلی طیاروں نے پانچ اسکولوں پر بمباری کی جس کے نتیجے میں وہاں پناہ گزین درجنوں فلسطینی شہید اور 80 کے لگ بھگ زخمی ہوئے۔ڈان نیوز کے مطابق اسرائیلی فوج نے شاتی کیمپ میں مسجد پر بھی وحشیانہ حملے کیے۔الجزیرہ نے فلسطینی شہری دفاع کے حکام کے حوالے سے بتایا ہے کہ اتوار کو اسرائیلی طیاروں نے نصیرت پناہ گزین کیمپ میں اقوام متحدہ کے تحت چلنے والے اسکول پر بم برسائے جس کے نتیجے میں کم از کم 17 افراد شہید اور 80 کے لگ بھگ زخمی ہوئے، ان میں اکثریت بچوں اور خواتین کی تھی۔قبل ازیں 9 جولائی کو خان یونس کے الاودا اسکول کے قریب نصب خیموں پر شدید بمباری کے نتیجے میں 29 فلسطینی شہید ہوگئے تھے۔اس سے دو روز قبل غزہ سٹی میں چرچ کے زیر اہتمام ہولی فیملی اسکول کو صیہونی طیاروں نے نشانہ بنایا تھا جس میں چار افراد جاں بحق ہوئے تھے۔اسرائیل غزہ میں واقع اسکولوں کو، جہاں فلسطینی باشندے پناہ لیے ہوئے ہیں، تسلسل سے نشانہ بنا رہا ہے۔ اسرائیلی حکام درس گاہوں پر بموں کی صورت میں موت برسانے کا یہ جواز پیش کرتے ہیں کہ یہاں حماس کے جنگجو پناہ لیے ہوئے ہیں مگر وہ اب تک ان پناہ گاہوں میں حماس کے جنگجوؤں کی موجودگی کا ثبوت پیش کرنے میں ناکام رہے ہیں۔

صیہونی طیاروں نے 7 اکتوبر 2023 سے شروع ہونے والی جنگ کے دوران شہری عمارتوں اور اسکولوں کو تواتر سے نشانہ بنایا ہے۔ ہفتے کو سیف زون قرار دیے گئے ال مواصی کے علاقے میں اسرائیلی طیاروں نے بمباری کی جس کے نتیجے میں 90 فلسطینی شہید اور 300 سے زائد زخمی ہوگئے۔ 7 اکتوبر سے شروع ہونے والی جنگ میں اسرائیل غزہ میں اب تک 400 اسکولوں کو بمباری سے تباہ کر چکا ہے، جبکہ جون میں اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل نے رپورٹ جاری کی تھی کہ اسرائیل کی جانب سے شہری عمارتوں بشمول اسکولوں کو نشانہ بنانا بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔

حماس کے سینئر رہنما نے جنگ بندی مذاکرات سے دستبرداری کی اطلاعات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل کی مستقل بمباری کے باوجود حماس سیز فائر مذاکرات سے دستبردار نہیں ہوا ہے۔خبر رساں ایجنسی رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق یہ اطلاعات زیر گردتھیں کہ اسرائیلی بمباری میں اپنے رہنما محمد دیف کی شہادت کے بعد حماس نے جنگ بندی کے لیے جاری مذاکرات سے دستبرداری کا اعلان کیا ہے۔حماس کے سیاسی دفتر کے رکن عزت الشرق نے کہا کہ اسرائیل نے حملوں میں اضافہ کر کے ثالث کا کردار ادا کرنے والے عرب دوستوں اور امریکا کی سیز فائر کی کوششوں کو کوڑی ریل کرنے کی کوشش کی ہے۔تاہم ان کا کہنا ہے کہ اس سب کے باوجود اب تک حماس جنگ بندی کے لیے جاری مذاکراتی عمل سے دستبردار نہیں ہوا۔ہفتے کو غزہ کے علاقے خان یونس میں اسرائیل کی بمباری میں کم از کم 90 فلسطینی شہید ہوگئے تھے جس سے جنگ بندی کے لیے جاری مذاکرات کے سبوتاژ ہونے کا خطرہ پیدا ہو گیا تھا۔اسرائیل کی جانب سے حالیہ عرصے میں بمباری میں اضافے کے باوجود گزشتہ کچھ دنوں کے دوران جنگ بندی کا معاہدہ جلد طے پانے کے مثبت اشارے ملے ہیں۔اس سے قبل دوحہ اور قاہرہ میں موجود دو مصری ذرائع نے بتایا تھا کہ تین ہفتوں تک جاری رہنے والی تند و تیز گفتگو کے بعد مذاکرات تعطل کا شکار ہوگئے تھے تاہم آج اسرائیلی وزیر اعظم بینجمن نیتن یاہو آج اس حوالے سے اپنے وزرا سے گفتگو کریں گے۔گزشتہ روز اسرائیلی فوج نے محمد دیف کو نشانہ بنانے کے لیے کارروائی کی تھی جس میں حماس کے خان یونس بریگیڈ کمانڈر رفا سلمہ شہید ہوگئے تھے تاہم ابھی تک یہ علم نہیں ہوسکا کہ حماس کے کمانڈر زندہ ہیں یا نہیں۔شن بیت ڈومیسٹک سیکیورٹی سروس کے سربراہ کا کہنا ہے کہ ہفتے کو کیا گیا فضائی حملہ سرجیکل انٹیلی جنس کا نتیجہ تھا۔تاہم اسرائیلی دعوؤں کے برعکس حماس نے سینئر کمانڈر کی موت کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل کے اس دعوے کا مقصد اپنے حملے کے لیے جواز پیش کرنا ہے۔اسرائیلی فوج اتوار کے روز بھی ساحلی پٹی پر زمینی اور فضائی کارروائی کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے بم برساتی رہی جہاں اس وقت نقل مکانی کرنے والے تقریباً 23 لاکھ افراد خیموں میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔



### برطانیہ کے نئے وزیر خارجہ نے بھی غزہ میں فوری سیز فائر کا مطالبہ کردیا

لندن، 15 جولائی (یو این آئی) برطانیہ کے نئے وزیر خارجہ نے بھی غزہ میں فوری سیز فائر کا مطالبہ کردیا۔عرب میڈیا کے مطابق برطانیہ کے نئے وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی جلد اسرائیل اور فلسطین کا دورہ کریں گے جہاں وہ غزہ میں سیز فائر اور یرغمالیوں کی رہائی کے لیے ایک پریس کانفرنس بھی کریں گے۔برطانوی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈیوڈ لیمی اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو اور فلسطینی صدر محمود عباس سے دو ریاستی حل کے لیے ٹھوس اقدامات پر بھی بات کریں گے۔ایک بیان میں برطانوی وزیر خارجہ نے کہا کہ غزہ میں اموات اور تباہی ناقابل قبول ہے، اس جنگ کو ہر صورت ختم ہونا چاہیے اور ہنگامی بنیادوں پر سیز فائر ہونا چاہیے۔برطانوی وزارت خارجہ کے مطابق ڈیوڈ لیمی اسرائیلی وزیر اعظم سے 680 ٹن برطانوی امداد کے غزہ میں داخل نہ ہونے کے معاملے پر بھی بات کریں گے۔

# قاتلانہ حملوں سے میرا انتخابی شیڈول بدلنے والا نہیں: ٹرمپ

## سابق امریکی صدر پر فائرنگ کرنیوالے حملہ آور سے متعلق نئی تفصیلات منظر عام پر



واشنگٹن، 15 جولائی (یو این آئی) سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ قاتلانہ حملے مجھے شیڈول تبدیل کرنے پر مجبور نہیں کر سکتے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے پینسلوانیا میں ریلی کے دوران ہونے والے حملے کے بعد نئے عزم کا اعادہ کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے امریکیوں سے متحد رہنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج ملواکی میں ہونے والے ریپبلکن نیشنل کنونشن میں لازمی شرکت کروں گا۔دوسری جانب ڈونلڈ ٹرمپ پر ہونے والے حملے کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، حملہ آور کی گاڑی اور گھر سے دھماکا خیز مواد برآمد ہوا ہے۔اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ مشکوک حرکات پر سکیورٹی نے میتھیو کی نشاندہی کرلی تھی میتھیو نے گاڑی جلسہ گاہ کے میدان سے دور پارک کی اور ایک عمارت کی چھت سے ڈونلڈ ٹرمپ کو نشانہ بنایا۔یاد رہے کہ گزشتہ روز جب ڈونلڈ ٹرمپ پر فائرنگ ہوئی وہ پنسلوینیا کے علاقے بٹلر میں منعقد ریلی سے خطاب کر رہے تھے اس دوران گولی سابق صدر کے دائیں کان کے اوپری حصے کو چھو کر گزر ری۔ٹی وی چینلز پر چلنے والی فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ فائرنگ کے واقعے میں ڈونلڈ ٹرمپ کا کان زخمی ہوا ہے اور اس سے خون بہہ رہا ہے۔امریکی سکرٹ سروس نے جاری بیان میں کہا تھا کہ مشتبہ شوٹر نے ریلی سے باہر کسی اونچے مقام سے سٹیج کی جانب متعدد فائر کیے۔سکیورٹی ایجنٹس نے حملہ آور کو گولی مار کر موقع پر ہی ہلاک کر دیا تھا۔حملہ آور کی فائرنگ سے ریلی میں موجود ایک شخص ہلاک ہوا ہے جبکہ دو شدید زخمی ہیں۔

واضح رہے کہ ہفتے کو امریکہ کے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر انتخابی ریلی کے دوران فائرنگ ہوئی جس سے وہ زخمی ہوگئے اور فائرنگ سے ریلی میں شریک ایک شخص بھی ہلاک ہوا جبکہ حملہ آور کو فوراً ہی مار دیا گیا۔فرانسیسی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ پنسلوینیا کے علاقے بٹلر میں منعقد ریلی کے شرکا سے خطاب کے لیے اسٹیج پر موجود تھے جب فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، گولی بظاہر ٹرمپ کے کان کو چھوتی ہوئی نکل گئی۔امریکی تحقیقاتی ایجنسی ایف بی آئی نے بتایا کہ ڈونلڈ ٹرمپ پر فائرنگ کرنے والا 20 سال کا مقامی نوجوان تھا جس کی شناخت تھامس میتھیو کروکس کے نام سے ہوئی ہے جو یاست پینسلوینیا کا ہی رہائشی ہے۔تاہم ابھی حملہ کرنے کی وجوہات کے بارے میں معلوم نہیں ہوسکا ہے۔امریکی تحقیقاتی ایجنسی ایف بی آئی کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ کی ریلی میں مشتبہ حملہ آور نے اکیلے سب کچھ کیا، حملہ آور کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے کوئی دھمکی آمیز مواد نہیں ملا۔ایف بی آئی کا کہنا ہے کہ بم اسپیشلسٹ نے حملہ آور کی گاڑی سے مشکوک ڈیوائس قبضے میں لے لی، حملہ آور نے جو بندوق استعمال کی اسے اس کے والد نے قانونی طور پر خریدا تھا۔اس کے علاوہ امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون نے کہا ہے کہ حملہ آور تھامس کروکس کا کوئی فوجی بیک گراؤنڈ نہیں، حملہ آور کی گاڑی میں دھماکا خیز اشیا بھی تھیں، گاڑی ٹرمپ کی ریلی کے مقام سے نزدیک پارک تھی۔امریکی سینیٹ کی ہوم لینڈ سکیورٹی کمیٹی ٹرمپ پر قاتلانہ حملے اور سکیورٹی کی ناکامی کی تحقیقات کرے گی۔

# جو بائیڈن کی زبان پھر پھسلی، بیلٹ باکس کو بیٹل باکس کہہ دیا

## ڈونلڈ ٹرمپ پر حملہ: امریکی صدر کا عوام سے اتحاد، یکجہتی، تشدد کا خاتمہ کرنے پر زور

واشنگٹن، 15 جولائی (یو این آئی) امریکی صدر 81 سالہ جو بائیڈن اب اکثر اپنے ذہن اور زبان میں تال میل قائم رکھ نہیں پاتے اور مختلف الفاظ اور ناموں پر ان کی زبان پھسل جاتی ہے۔گزشتہ روز ایک بار پھر اس وقت جو بائیڈن کی زبان پھسلی جب وہ ڈونلڈ ٹرمپ پر ہونے والے حملے کے بعد قوم سے خطاب کر رہے تھے، اور سیاسی ماحول کی گرما گرمی کو ٹھنڈا کرنے کا مؤقف پیش کر رہے تھے۔وہ کہہ رہے تھے کہ سیاسی اختلافات بیلٹ باکس سے حل ہوتے ہیں، گولی سے نہیں، لیکن ان کی زبان پھسل گئی اور انھوں نے بیلٹ باکس کو بیٹل باکس کہہ دیا۔

ان کا کہنا تھا کہ تشدد سے کوئی بھی مسئلہ حل نہیں کیا جاسکتا، اگر معاملات کو درست کرنا ہے تو رائے دہی کا طریقہ ہی اختیار کرنا پڑے گا، تاہم اس مرحلے پر وہ ووٹوں کے باکس کو "لڑائی کا باکس" کہہ گئے۔اس مختصر تقریر میں انھوں نے کہا تھا کہ گرما گرمی بہت ہوئی، اب سیاسی درجہ حرارت کو کم کیا جائے، اختلاف کا مطلب دشمنی نہیں، اسے ٹھنڈا کرنے کا وقت آ گیا ہے، انھوں نے کہا یہ مفاہمت کا وقت ہے کیوں کہ غیر ملکی ایکٹرز ہمارے درمیان اختلافات کو ہوا دے رہے ہیں، اختلافات بیلٹ باکس کے ذریعے حل کرتے ہیں، گولی سے نہیں۔

وہیں امریکی صدر جو بائیڈن نے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر حملے کے بعد عوام سے اتحاد، یکجہتی اور تشدد کا خاتمہ کرنے پر زور دیا ہے۔ڈان نیوز کے مطابق قوم سے خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر جو بائیڈن نے اعتراف کیا کہ صدارتی انتخاب میں خطرات بہت زیادہ ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ سیاست کو میدان جنگ نہیں بنانا چاہیے، سیاسی بیان بازی کافی حد تک بڑھ گئی ہے جسے ہر صورت کم کرنے کی ضرورت ہے۔امریکی صدر نے کہا کہ اختلاف کا مطلب دشمنی نہیں ہونا چاہیے، اختلافات بیلٹ باکس کے ذریعے حل کرتے ہیں گولی سے نہیں۔



جو بائیڈن نے بتایا کہ حملہ آور کا مقصد تا حال واضح نہیں ہوسکا ہے۔واضح رہے کہ گزشتہ روز سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ انتخابی ریلی کے دوران قاتلانہ حملے میں زخمی ہوگئے تھے تاہم ٹرمپ کے محافظوں نے حملہ آور کو ہلاک کر دیا تھا۔ڈونلڈ ٹرمپ پنسلوینیا میں منعقد ریلی کے شرکا سے خطاب کیلئے اسٹیج پر موجود تھے اچانک فائرنگ کا واقعہ پیش آیا اور گولی بظاہر سابق امریکی صدر کے کان کو چھوتی ہوئی نکل گئی۔سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر حملہ کرنے والے شخص کی شناخت ہوگئی تھی، امریکی میڈیا نے تحقیقاتی ادارے کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ ڈونلڈ ٹرمپ پر حملہ کرنے والے شخص کی عمر 20 سال ہے اور اس کا تعلق ریاست پینسلوینیا سے ہے۔

# ایک سیکنڈ کیلئے بھی پابندی کے فیصلے پر عملدرآمد نہیں ہونے دیں گے: بیرسٹر علی ظفر

اسلام آباد، 15 جولائی (یو این آئی) پاکستان تحریک انصاف کر رہنما علی ظفر نے کہا ہے ہم ایک سیکنڈ کے لیے بھی پابندی کے فیصلے پر عملدرآمد نہیں ہونے دیں گے۔نجی ٹی وی چینل 'جیو نیوز' سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ حکومت کسی اور ہی دنیا میں رہ رہی ہے، وہ قانون کی دنیا سے باہر بات کر رہے ہیں، قانون میں اس کی کوئی گنجائش نہیں، حکومت ایسی کوئی پابندی نہیں لگا سکتی۔انہوں نے بتایا کہ یہ سارے معاملات قانون کے تحت دیکھے جاتے ہیں، وہ ناممکن سی بات کر رہے ہیں اور اگر ایسی کوئی حرکت کریں گے تو عدالتیں بھی موجود ہیں اور ہم بھی موجود ہیں، ہم ایک سیکنڈ کے لیے بھی اس فیصلے پر عمل درآمد نہیں ہونے دیں گے۔

بیرسٹر علی ظفر نے بتایا کہ مخصوص نشستوں کے کیس کے فیصلے کے بعد حکومت کو دھچکا ملا ہے، یہ بالکل ناجائز بات ہے اور ہم اسے رد کرتے ہیں، آرٹیکل 6 کے حوالے سے بھی وفاقی وزیر نے بات کی تو شاید وہ لوگ قانون نہیں پڑھتے، آرٹیکل 6 غداری کا جرم ہے وہ ایک مختلف قسم کا جرم ہے، صرف قانون کی خلاف ورزی کرنا غداری نہیں۔ان کا کہنا تھا کہ اگر ایسے ہی غداری کے مقدمے لگے تو پھر تو پارلیمنٹیر ینز کے خلاف بھی غداری کے مقدمے ہوں گے، آرٹیکل 6 کا کوئی مقدمہ نہیں بن سکتا، وہ مقدمہ اتنا بے بنیاد ہوگا کہ وہ چل ہی نہیں سکے گا۔مخصوص نشستوں پر نظر ثانی کی درخواست پر بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ حکومت کا حق ہے نظر ثانی درخواست دائر کرنے کا مگر یہ ریویو کیس انہی ججز کے پاس جاتا ہے جنہوں نے فیصلہ کیا ہے، میری نظر میں اب جو فیصلہ آ گیا ہے وہ تبدیل نہیں ہوگا، ججز نے سوچ سمجھ کر فیصلہ دیا ہے۔بعد ازاں رہنما سلمان اکرم راجا نے ڈان نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پابندی لگانے کا اختیار حکومت کا نہیں، یہ معاملہ سپریم کورٹ کو جائے گا اور یہ انہی کا اختیار ہے، یہ صرف ریفرنس بھیج سکتے ہیں، ان کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ پی ٹی آئی ملکی سالمیت کے خلاف کوئی جماعت ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ بدحواس ہو چکے ہیں، جو پی ٹی آئی کو سپریم کورٹ سے کامیابی ملی ہے تو وہ بوکھلاہٹ میں ادھر ادھر بھاگ رہے ہیں، اتنا آسان نہیں ہے ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کو ختم کرنا۔بیرسٹر سلمان اکرم راجا نے مزید بتایا کہ ہمارا خیال نہیں تھا کہ حکومت اس حد تک گر جائے گی، ان کی کم عقلی اور کم ظرفی کی یہ سطح ہوگی بہر حال، ہم واضح ہیں کہ پی ٹی آئی کے خلاف ایسا کوئی الزام ثابت نہیں ہوسکتا، پی ٹی آئی ملک کو جوڑ کے کھڑی ہے، پی ٹی آئی نے استحکام دیا ہے، ان کو منظر سے ہٹائیں گے، ووٹر کو تتر بتر کریں گے تو کچھ پتا نہیں کہ ملک کس طرف جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ حکومت جھوٹ کی بنیاد پر مفروضہ قائم کرے گی اور کوشش کرے گی کہ سپریم کورٹ اس مفروضے کو مان لے، یہ تمام معاملات عوام کے سامنے ہیں، ایک طرف اے پی سی میں بلایا ہمیں، ہم نے حمایت کی تو انہوں نے یہ کر دیا۔انہوں نے بتایا کہ ہم مذاکرات سے پیچھے نہیں ہٹے، ہم پارلیمان میں بیٹھے ہیں، کمیٹی میں ہیں، ہر سطح پر بات ہو رہی ہے، بیک ڈور بات چیت کے حوالے سے میں کچھ نہیں کہہ سکتا یہ تو فرنٹ ڈور سے ہمارے ساتھ یہ کر رہے ہیں۔



# جنوبی سوڈان میں نیم فوجی دستوں کے حملے میں 23 افراد ہلاک

خرطوم، 15 جولائی (یو این آئی) جنوبی سوڈان کی شمالی ریاست کردوفان میں نیم فوجی ریپڈ سپورٹ فورسز (RSF) کی فائرنگ میں کم از کم 23 افراد ہلاک ہوگئے۔غیر سرکاری گروپوں نے اتوار کے روز اعلان کیا۔غیر سرکاری قانونی ادارے مشہد آبزرویٹری فار ہیومن رائٹس نے اتوار کے روز ایک بیان میں کہا کہ RSF ملیشیہ نے شمالی کردوفان ریاست میں الرحد علاقہ کے متعدد گاؤں میں قتل عام کیا، جس میں کم از کم 23 شہری ہلاک اور متعدد دیگر زخمی ہوئے۔یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب RSF فورس نے الرحد شہر سے آنے والی اور ام روبہ شہر کے شمال میں ام صائمہ گاؤں کے ہفتہ وار بازار کی طرف جانے والی کئی گاڑیوں کو روکا اور مسافروں پر فائرنگ کی۔غیر سرکاری گروپ سوڈانی ڈاکٹرز نیٹ ورک نے اتوار کے روز ایک بیان میں کہا کہ " آر ایس ایف نے ریاست شمالی کردوفان کے گاؤں فانغوغہ کے باشندوں کے خلاف نیا قتل عام کا ارتکاب کیا، غیر مسلح مسافروں پر اس وقت فائرنگ کی گئی جب وہ سفر پر جا رہے تھے۔خریداری کے دوران 23 افراد موقع پر ہی ہلاک اور متعدد دیگر زخمی ہوئے۔نیٹ ورک نے اسے نہتے شہریوں کے خلاف گھناؤنا جرم قرار دیا۔

## فتح اللہ دہشت گرد تنظیم کی مذموم بغاوت کی کوشش کی آٹھویں برسی

# ہم اس بہادر قوم کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے: ایردوان



انقرہ، 15 جولائی (یو این آئی) آج فتح اللہ دہشت گرد تنظیم کی مذموم بغاوت کی کوشش کی آٹھویں برسی ہے۔جمہوریہ ترکیہ کے قومی اتحاد اور سالمیت کو نقصان پہنچانے کے ارادے سے ملک کو اندھیروں میں دھکیلنے کے درپے ہونے والے فیتو کے کارندوں نے 15 جولائی 2016 کو ملک میں بغاوت کرنے کی کوشش کی۔ترک جمہوریت کو نشانہ بنانے کی اس غدارانہ کوشش کو ترک عوام کی جمہوریت اور منتخب شدہ حکومت کے تحفظ کے لیے بھرپور مزاحمت نے ناکام بنا ڈالا۔ملک کے بہت سے اداروں، خاص طور پر فوج اور پولیس میں دراندازی کر کے اپنے حقیقی عزائم کو 15 جولائی 2016 کو عملی جامہ پہنانے والی فیتو کے خونی بغاوت اقدام کو صدر رجب طیب ایردوان کی اپیل پر ترکیہ کے چاروں گوشوں میں جمہوریت کے دفاع کے نام پر چوکوں میں نکل آنے والے عوام کی مدد سے ناکام بنا دیا گیا۔ترک قوم کے حوصلے اور عزم سے حاصل کی گئی اس فتح سے دنیا میں بے نظیر ہونے والا جمہوریت کا جذبہ اور شعور منظر عام پر آیا۔تاریخ میں ایک پر عظمت رقم ہونے والی اس مزاحمت میں ترکیہ بھر میں سڑکوں پر نکلنے اور ٹینکوں اور گولیوں کے سامنے سینہ سپر ہونے والے 253 محب وطن شہید ہوئے۔ 15 جولائی کی فتح کی 8ویں برسی کے موقع پر ترکیہ، وطن اور پرچم کے لیے بلا کسی ہچکچاہٹ و تردد کے جام شہادت نوش کرنے والے شہریوں کی بڑے احترام سے یاد منا رہا ہے۔فتح سے ہمکنار ہونے والی اس بامعنی مزاحمت اور جدوجہد کے جذبے کو معاشرے کے ذہنوں میں زندہ و تابندہ رکھنے کے زیر مقصد ہر سال "15 جولائی یوم جمہوریت و قومی اتحاد" مختلف سرگرمیوں کے ساتھ منایا جاتا ہے۔

صدر رجب طیب ایردوان کا کہنا ہے کہ وہ 15 جولائی 2016 کو ٹینکوں اور ہتھیاروں کے خلاف ترک قوم کی عظیم جدوجہد کو بڑے فخر کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔صدر ایردوان اور ان کی اہلیہ امینہ ایردوان نے فتح اللہ دہشت گرد تنظیم فیتو کی ناکام بغاوت کی 8ویں برسی کے موقع پر استنبول میں 15 جولائی شہداء پل پر واقع "15 جولائی شہداء یادگار" کی زیارت کی۔اس دورے کے دوران جس کا آغاز شہداء کے لیے قرآن پاک کی تلاوت سے ہوا، صدر ایردوان نے بھی قرآن پاک کی تلاوت کی۔شہداء کے لیے دعا کے بعد خطاب کرتے ہوئے صدر ایردوان نے 15 جولائی کی رات شہید ہونے والوں کی مغفرت کی دعا کی اور غازیوں سے اظہار تشکر کیا۔ایردوان نے ایک بار پھر ان تمام شہریوں کا شکریہ ادا کیا جو بغاوت کی کوشش کے پہلے لمحوں سے کسی کال کا انتظار کیے بغیر غداروں کے خلاف مزاحمت کے لیے سڑکوں اور چوکوں پر نکل پڑے۔ایردوان نے یاد دہانی کرائی کہ باغیوں نے رات بھر سے صبح تک بغاوت شروع ہونے والے اس پُل پر بے گناہوں کا خون بہانے اور قتل عام کیا، "ہم سب نے بغاوت کے منصوبہ سازوں کے غدار اور سفاک چہرے کو یہاں پر ہونے والی قتل کی وارداتوں میں دیکھا۔ہم اپنے ذہنوں میں کندہ ان مناظر میں سے کسی کو بھی نہیں بھولے اور نہ بھولیں گے۔ اسی طرح ہم نہتے ہاتھوں سے ٹینکوں اور مہلک ہتھیاروں کے خلاف اپنی قوم کی عظیم جدوجہد کو بڑے فخر سے یاد کرتے ہیں۔ "15" جولائی کو کسی چال، تھیٹر اور بڑی بے شرمی سے ملی بھگت کہنے والوں کو روز محشر تک معاف نہ کرنے پر زور دیتے ہوئے ایردوان نے کہا "یہ قوم ہر اس چال کو، جو اس کی آزادی کو چھوتی ہے اس کے ارادے اور مرضی کو طوق ڈالنے کے درپے ہوتی ہے، کو پہلے کی طرح اب کے بعد بھی ناکام بناتی رہے گی۔"

## متحدہ عرب امارات؛ ولی عہد حمدان بن محمد نائب وزیر اعظم مقرر



دبئی: متحدہ عرب امارات کے نائب صدر و وزیر اعظم شیخ محمد بن راشد المکتوم نے اپنے صاحبزادے اور ولی عہد 41 سالہ حمدان بن محمد کو نائب وزیر اعظم اور وزیر دفاع مقرر کر دیا۔عرب میڈیا کے مطابق متحدہ عرب امارات کی کابینہ میں بڑے پیمانے پر رد و بدل کی گئی ہے۔جس کا اعلان نائب صدر اور وزیر اعظم محمد بن راشد المکتوم نے کیا۔متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ شیخ عبداللہ بن زاید النہیان کو نائب وزیر اعظم مقرر کر دیا گیا اسی طرح ولی عہد دبئی حمدان بن محمد کو بھی نائب وزیر اعظم مقرر کیا گیا ہے۔کابینہ میں دو خاتون وزرا بھی شامل ہیں۔ وزیر تعلیم سارہ امیری اور وزیر مملکت برائے انٹر پرنیور شپ عالیہ عبداللہ ہوں گی۔یاد رہے کہ ولی عہد شیخ حمدان 2008 سے دبئی کے ولی عہد ہیں اور سوشل میڈیا پر سب سے زیادہ مقبولیت رکھنے والے شہزادے ہیں۔ان کے انسٹاگرام پر ایک کروڑ 50 لاکھ سے زائد فالورز ہیں۔

# سعودی وزیر خارجہ کی صدر ایردوان سے ملاقات

## ترک۔سعودی رابطہ کونسل کا قیام باہمی تعلقات میں ایک اہم موڑ ثابت ہوگا: سعودی وزیر خارجہ

انقرہ، 15 جولائی (یو این آئی) صدر رجب طیب ایردوان نے سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان الاسعود کو شرف ملاقات بخشا۔استنبول کے دولما باہچے پیلس میں اپنے اموری دفتر میں پریس کی عدم موجودگی میں ہونے والی اس ملاقات کے دوران ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان بھی موجود تھے۔

سعودی عرب کے وزیر خارجہ فیصل بن فرحان کا کہنا ہے کہ ترک سعودی رابطہ کونسل کو فعال کرنے کا پروٹوکول دونوں ممالک کے تعلقات میں اہم موڑ ثابت ہوگا۔سعودی عرب کے وزیر خارجہ بن فرحان نے ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان کے ساتھ ملاقات کے بعد دولما باہچے صدارتی اموری دفتر میں منعقدہ مشترکہ پریس کانفرنس میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔دونوں ممالک کے باہمی تعلقات کے بڑی اعلیٰ سطح پر ہونے کا ذکر کرتے ہوئے فرحان نے کہا کہ ہمارا باہمی تجارتی حجم 8.6 بلین ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ہم کہتے ہیں، یقیناً، آیئے تمام مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔خاص طور پر مضبوط معیشت کے لیے ان اقدامات کو عملی جامہ پہناتے ہیں۔آج ہم نے ایک نئے پروٹوکول پر دستخط کیے ہیں۔ہم اس پروٹوکول کے ساتھ اب سے رابطہ کونسل کے اجلاس کو فعال کر رہے ہیں۔ تمام تر معاملات کا اس رابطہ کونسل کے اجلاس میں جائزہ لیا جائے گا، ہم اسے آگے بڑھانے کی ہر ممکنہ کوششیں سر انجام دیں گے۔اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ وہ سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے دلجمعی سے کام کر رہے ہیں، بن فرحان نے کہا کہ ترک۔سعودی رابطہ کونسل کا اجلاس امسال منعقد ہوگا۔بعض اقدامات، اہداف اور روڈ میپ کا تعین کیے جانے کی طرف اشارہ دیتے ہوئے سعودی وزیر نے بتایا،" یہ یقیناً دونوں ممالک کے باہمی تعلقات میں ایک نیا رجحان، ایک اہم موڑ ثابت ہوگا۔

# وفاقی حکومت کا مخصوص نشستوں پر سپریم کورٹ کے فیصلے کیخلاف نظر ثانی اپیل دائر کرنے کا اعلان

اسلام آباد، 15 جولائی (یو این آئی) وفاقی حکومت نے مخصوص نشستوں پر سپریم کورٹ کے فیصلے کیخلاف نظر ثانی اپیل دائر کرنے کا اعلان کر دیا۔تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ 2014 کے دھرنوں سے لیکر آج تک مخصوص ذہنیت کو پروان چڑھایا جا رہا ہے، بانی پی ٹی آئی بدتمیز اور فاشسٹ حکمران تھا، ان کی لندن میں ایک ڈنر کی تصاویر آئی ہیں، اس ڈنر میں اسرائیلی ارب پتی ان کیساتھ بیٹھا ہوا تھا۔عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ بس بہت ہو گیا اب پاکستان اور تحریک انصاف ایک ساتھ نہیں چل سکتے، ترقی کرنی ہے تو پاکستان اور پی ٹی آئی ساتھ نہیں چل سکتے، اب ان سے کہوں گا بس نو مور۔وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے میں بن مانگے انھیں ریلیف دیا گیا ہے، حکومت اور اتحادی جماعتوں نے مخصوص نشستوں پر سپریم کورٹ کے فیصلے کیخلاف ریویو دائر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔انھوں نے بتایا کہ نظر ثانی اپیل میں سوالات کئے جائیں گے کیا جن کو ریلیف دیا گیا وہ لوگ عدالت میں موجود تھے، کیا آئین پر عملدرآمد نہ کیا جائے، کیا الیکشن ایکٹ 2017 کی شقوں کو کالعدم قرار دیا جائے، کیا آئین کو بالائے طاق رکھ کر اسکی شقوں پر عمل نہ کیا جائے، کیا آئین کی تشریح اور ترمیم کرنا کیا پارلیمان کا اختیار نہیں؟ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ وہ خواتین، اقلیتی ممبر جنہیں سنا نہیں گیا وہ سمجھتے ہیں ریویو دائر کرنا لازم ہے، ہمارے پاس آئینی شق کے حوالے سے مضبوط مؤقف موجود ہے، ہمارے تحمل اور دانشمندی کو کمزوری سمجھا جاتا ہے۔پی ٹی آئی کی جانب اشارہ کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اس سیاسی جماعت نے فارن فنڈنگ لی، الیکشن کمیشن نے فیصلہ دیا، فارن فنڈنگ کے واضح طور پر ثبوت موجود ہیں جس میں بھارتی نژاد امریکی شامل ہیں، فارن فنڈنگ کیس میں اسٹے آرڈر پر اسٹے آرڈر لیا 6 سال تک معاملہ کا تاخیر کا شکار رہا۔وزیر اطلاعات نے بانی پی ٹی آئی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کا پورا خاندان ملوث ہے، آپ کی تینوں بہنیں کور کمانڈر ہاؤس کے باہر موجود تھیں، آپ نے ملک میں تشدد اور انتشار کی سیاست کو فروغ دیا گیا، آپ کی ہی حکومت اور کابینہ تھی جس نے طالبان کو واپس لاکر پاکستان میں بسایا۔ان کا مزید کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کا بھانجا شہدا کی وردیوں کی بے حرمتی کر رہا تھا، آپ نے آئین کی خلاف ورزی کو فروغ دیا، دفاعی اداروں کو نقصان پہنچایا، ایک طرف دہشت گردوں کو لا کر پناہ گاہیں دے رہے تھے۔

